روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# ملک میں کورونا کیسز میں کمی، اب کل ایکٹو کیسز 5608



نئی دہلی،20 جون (یواین آئی) ملک میں گزشتہ کچھ دنوں سے کورونا انفیکشن کے ایکٹو کیسز میں کمی آئی ہے اور جمعہ کو فعال کیسوں کی کل تعداد کم ہوکر 5608 ہو گئی۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1092 کورونا متاثرہ مریض صحت یاب ہونے کے بعد اس مرض سے چھٹکارا پانے والوں کی تعداد 18256 تک پہنچ گئی اور اس دوران مزید 4 مریضوں کی موت کے بعد اموات کی تعداد 120 تک پہنچ گئی۔واضح رہے کہ 22 مئی کو ملک میں کورونا کے صرف 257 ایکٹیو کیسز تھے۔صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی طرف سے آج جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار مزید کورونا سے متاثرہ مریضوں کی موت کے ساتھ ہی مرنے والوں کی تعداد 120 تک پہنچ گئی ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں دہلی، کیرالہ، مہاراشٹر اور پنجاب میں ایک ایک مریض کی کورونا انفیکشن سے موت ہوئی ہے۔ اس دوران جہاں نو ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کورونا کیسز میں اضافہ دیکھا گیا، وہیں 16 ریاستوں میں فعال کیسز میں کمی دیکھی گئی۔ جبکہ دیگر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کورونا انفیکشن کا کوئی کیس موصول نہیں ہوا ہے۔محکمہ صحت کے حکام کے مطابق نئی قسمیں، خاص طور پر JN.1،XFG،LF.7 اور حال ہی میں شناخت شدہ NB.1.8.1 ذیلی قسم، انفیکشن کا باعث بن رہے ہیں۔ یہ زیر تفتیش ہیں۔وزارت کے مطابق، کیرالہ انفیکشن کے معاملات کے لحاظ سے سب سے زیادہ متاثرہ ریاست ہے، حالانکہ اس کی تعداد آج صبح تک 125 فعال کیسوں کے ساتھ کم ہوکر 1184 پر آ گئی ہے۔قومی راجدھانی میں متاثرین کی کل تعداد کم ہوکر 630 ہوگئی ہے اور دو کیسز کم ہو گئے ہیں۔مہاراشٹر میں فعال کیسوں کی کل تعداد 54 کم ہونے کے ساتھ 389 پر آ گئی ہے اور گجرات میں 134 کیسز کم ہونے کے ساتھ کل تعداد 912 پر آ گئی ہے۔مغربی بنگال کا تازہ ترین ڈیٹا دستیاب نہیں ہے، لیکن وہاں کورونا کے 747 ایکٹو کیسز ہیں۔کرناٹک میں 68 کیسز کی کمی دیکھی گئی، جس سے فعال کیسوں کی کل تعداد 398 ہوگئی۔تامل ناڈو میں 176، اتر پردیش میں 259، راجستھان میں 245، ہریانہ میں 104، مدھیہ پردیش میں 119، آندھرا پردیش میں 44، اڈیشہ میں 52، بہار میں 55، بہار میں 55، سکم، پنجاب میں 54، جھارکھنڈ میں 20، آسام میں 32، منی پور میں 51، جموں وکشمیر میں 19، تلنگانہ میں 9، گاونوا اور پڈوچیری میں 5، لداخ میں 3، اتراکھنڈ میں 8، تریپورہ اور چنڈی گڑھ میں 2، اور ہماچل پردیش اور میزورم میں 1-1 اور اروناچل پردیش میں فی الحال کورونا انفیکشن کا کوئی فعال کیس نہیں ہے۔محکمہ صحت کے حکام اور ماہرین نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کورونا کے قوانین پر عمل کریں اور ماسک پہنیں، بار بار ہاتھ دھوئیں اور پر ہجوم علاقوں میں جانے سے گریز کریں، خاص طور پر وہ علاقے جہاں کیسز بڑھ رہے ہیں۔

# حکومت کا مقصد ہر شہری کی زندگی میں سہولت اور خوشحالی لانا ہے: ریکھا گپتا

نئی دہلی 20 جون (یواین آئی) دہلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ ترقی کا مطلب صرف اسکیمیں نہیں ہے بلکہ ہر گلی، ہر کالونی اور ہر شہری کی زندگی میں سہولت اور خوشحالی لانا ہے۔مسز گپتا نے جمعہ کو سوشل میڈیا پر کہا کہ"آج میں نے شالیمار باغ اسمبلی کے کستور با پولی ٹیکنک، پتم پورہ سے امبیڈکر نگر کے رین شیلٹر تک جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور کئی نئے پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔انہوں نے کہا کہ برسوں سے جن مسائل کے حل کے منتظر تھے ان کی سمت میں آج ایک تاریخی قدم اٹھایا گیا ہے۔ علاقے میں 17 لاکھ 27 لاکھ کی لاگت سے دو نئے پمپ ہاؤسز کا افتتاح کیا گیا جس سے پانی بھرنے کے مسئلے کا مستقل حل ملے گا۔ اس کے علاوہ حیدر پور گاؤں میں نئے نالوں، گٹروں اور سڑکوں کا کام تیز رفتاری سے جاری ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ"ہمارا عزم ہے کہ دہلی میں ترقی کا مطلب صرف اسکیمیں نہیں ہے، بلکہ ہر گلی، ہر کالونی اور ہر شہری کی زندگی میں سہولت اور خوشحالی لانا ہے۔ دہلی کو خوبصورت، منظم اور اچھی طرح سے لیس بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج شالیمار باغ میں آتمیوگ سنستھان کے زیر اہتمام یوگا، مراقبہ اور میڈیکل کیمپ میں حصہ لے کر انہوں نے یوگا کے گہرے تجربے سے روحانی سکون اور توانائی محسوس کی۔ یوگا ہندوستان کا منفرد ثقافتی ورثہ ہے، جو نہ صرف جسم کو صحت مند رکھتا ہے، بلکہ دماغ کو استحکام اور روح کو شعور بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ نظم وضبط، توازن اور خود مکالمے کا ایک انمول ذریعہ ہے۔ مسز گپتا نے کہا کہ کل (21 جون) کو بین الاقوامی یوم یوگا کے موقع پر میں خود، میرے کابینہ کے ساتھی اور دہلی کے ممبران پارلیمنٹ، عام شہریوں کے ساتھ دہلی کے 11 باوقار مقامات پر یوگا کریں گے۔ آپ سب سے درخواست ہے کہ اس مہم میں زیادہ سے زیادہ شامل ہوں اور ایک بھارت، سووستھ بھارت کے عزم کو عوام کا ایک حصہ بنائیں۔

## اے اے پی لیڈروں کو اپنے کئے کی قیمت چکانی پڑے گی: ریکھا گپتا

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) دہلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے جمعہ کو کہا کہ عام آدمی پارٹی



(اے اے پی) کے لیڈروں کو اپنے کیے کی قیمت چکانی پڑے گی۔مسز گپتا نے پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجریوال کو بھی نشانہ بنایا جب اے اے پی لیڈر منیش سسودیا کو دہلی اینٹی کرپشن برانچ (اے سی بی) کی طرف سے کلاس روم گھپلے کے معاملے میں پوچھ گچھ کے لیے بلایا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ"جلد ہی ان سب کو عدالت میں پیش ہونا پڑے گا۔اب اروند کیجریوال کو بھی پنجاب سے دہلی واپس آنا پڑے گا۔اے اے پی لیڈروں کو بھگوڑا بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ"دہلی کے لوگوں کو ایسے لیڈروں کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے جو کچھ کیا ہے اس کا خمیازہ انہیں بھگتنا پڑے گا۔"

# شراب سے بدتر کوئی چیز نہیں: یادو



کھرگون، 20 جون (یواین آئی) مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ زندگی میں شراب سے بدتر کوئی چیز نہیں ہے اور ریاست آہستہ آہستہ نشے سے نجات کی طرف بڑھ رہی ہے۔وزیر اعلیٰ ڈاکٹر یادو کل شام کھرگون ضلع کے برواہ اسمبلی حلقہ کے بیڈیا پہنچے۔انہوں نے یہاں 266 کروڑ روپے کے 24 ترقیاتی کاموں کا بھی افتتاح اور بھومی پوجن کیا۔جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زندگی میں شراب سے بدتر کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے 19 مذہبی قصبوں میں شراب پر پابندی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست بتدریج نشے سے نجات کی طرف بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ شراب بند کرنے اور دودھ کی دکانیں کھولنے کی مہم جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کے دور میں کسان کو بجلی کی کمی کی وجہ سے ایک فصل لینے میں دقت ہوتی تھی، وہیں بی جے پی کے دور میں وہ تین فصلیں لے رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی کانگریس صدر جھوٹ کا پلندہ ہے، اسی لیے ان کا اندور سے معاملہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس بھی حکومت بنانے کے لیے جھوٹ بولتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے 1971 میں غریب ہٹاؤ کا نعرہ دیا تھا لیکن 2002-03 تک فی کس آمدنی صرف گیارہ ہزار روپے سالانہ تھی۔ غریب غریب تر ہوتا گیا، جب کہ آج فی کس آمدنی روپے 1 لاکھ 52 ہزار ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو بند کر دیا ہے جبکہ بھارتیہ جنتا پارٹی جلد ہی بس سروس شروع کرنے جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت ملکی سرحد پر اپنی جان خطرے میں ڈال کر سرحدوں کی حفاظت کرنے والے فوجیوں اور کھیتوں میں محنت کرکے خوراک پیدا کرنے والے کسانوں کو عزت دینے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم کی کسان سمان ندھی، گندم اور دیگر اناج پر کسانوں کو اچھی ادائیگی، دودھ کی پیداوار میں 20 فیصد اضافہ کرنے کے لیے کھیتوں میں سولر پینل، لاڈلی بہنا کی رقم کے بارے میں بھی بات کی۔

## منوج سنہا کی دروپدی مرموکو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد

سری نگر،20 جون (یواین آئی) جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے کہا: آپ کی قیادت، رہنمائی اور قوم کی ترقی کے لیے عزم ہم سب کو حوصلہ دے رہا ہے۔دروپدی مرمو نے 25 جولائی 2022 کو ملک کے 15 ویں صدر کے طور پر عہدہ سنبھالا۔ وہ ملک کی دوسری خاتون صدر اور اس عہدے پر براجمان ہونے والی قبائلی طبقے کی پہلی شخصیت ہیں۔آپ اُڑیسہ کے ضلع میور بھنج کے پسماندہ اور قبائلی علاقے کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں 20 جون 1958 کو پیدا ہوئیں۔منوج سنہا نے انہیں یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ایکس پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا: میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو جی کو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

## مہاراشٹرا: واشم میں سوشل میڈیا اسٹیٹس پر دو گروپوں کے درمیان پرتشدد جھڑپ

ممبئی، 20 جون (یواین آئی) مہاراشٹر کے واشم علاقے میں ایک سوشل میڈیا اسٹیٹس کے باعث دو گروپوں کے درمیان شدید پرتشدد جھڑپ ہوئی جس میں پتھراؤ، تلواروں اور سلاخوں کا استعمال کیا گیا۔ یہ واقعہ جمعرات کی دیر شام واشم کے ویوہارے گلی میں پیش آیا جہاں جھگڑے کے دوران متعدد افراد زخمی ہوئے اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ واقعہ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے نگرانی کی ویڈیوز کی جانچ شروع کر دی ہے۔سوشل میڈیا پوسٹ اور اس کے پس منظر کی اصل تفصیلات کی تصدیق ابھی باقی ہے۔ ویوہارے گلی کے ایک رہائشی نے بتایا کہ جھڑپ شام 9:30 بجے کے قریب شروع ہوئی، جب پہلی چیخ کی آواز کے ساتھ پتھر، اینٹ، سلاخیں اور تلواریں پھینکی گئیں۔اس دوران میڈیکل شاپ کے بورڈ اور ایک موٹر سائیکل کو نقصان پہنچا۔جھڑپ کے بعد کچھ افراد راجیو چوک کی طرف بڑھے جہاں پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پایا۔ رہائشیوں نے بارہا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے واقعات کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔مہاراشٹر میں اس سال فرقہ وارانہ کشیدگی کے 823 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں نندربار، پونے (دیہی)، رتنا گیری اور سانگلی کے علاقے شامل ہیں۔

## کشمیری طالب علم نے آپریشن سندھو کی تعریف کی

سرینگر: کشمیری ایم بی بی ایس کی طالبہ صبا رسول بھارت کے آپریشن سندھو کے تحت ایران سے نکالے جانے کے بعد سری نگر واپس آئی ہے۔انہوں نے اسرائیل اور ایران کے جاری تنازعہ کے درمیان اسے بحفاظت گھر لانے میں بھارتی حکومت کی کوششوں کا شکریہ ادا کیا۔ رسول نے اپنے سفر کی تفصیل بتائی، تہران اور آرمینیا میں ہندوستانی سفارتخانے کے اہلکاروں کی طرف سے فراہم کی جانے والی امداد پر روشنی ڈالتے ہوئے، ساتھ ہی دہلی ہوائی اڈے پر پہنچنے پر کچھ لاجسٹک مسائل کو بھی نوٹ کیا جہاں اسے اور دیگر طالب علموں کو سب پار بس کے انتظامات کی وجہ سے جموں وکشمیر تک اپنی نقل وحمل کا انتظام کرنا پڑا۔

# جموں وکشمیر کا پانی دوسروں کو دینے کی اجازت نہیں دیں گے: عمر عبداللہ



جموں،20 جون (یواین آئی) جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر میں دریائے سندھ کے تین مغربی دریاؤں سے فاضل پانی کو پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کی طرف بھیجنے کے لیے 113 کلومیٹر طویل نہر کی تجویز کو رد کرتے ہوئے کہ وہ اس کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا: ہم پہلے اپنا پانی اپنے لئے استعمال کریں گے پھر دوسروں کا دیکھیں گے۔وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار جمع کے روز یہاں نئے رابطہ دفتر کا افتتاح کرنے کے موقع پر میڈیا کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔جموں وکشمیر میں دریائے سندھ کے تین مغربی دریاؤں سے فاضل پانی کو پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کی طرف بھیجنے کے لیے 113 کلومیٹر طویل نہر کی تجویز کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے کہا: میں فی الحال اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دوں گا۔ان کا کہنا تھا: پہلے ہمیں اپنا پانی اپنے لئے استعمال کرنا چاہئے پھر دوسروں کے بارے میں سوچنا چاہئے۔انہوں نے کہا: جموں میں سوکھا پڑا ہے یہاں نلکوں میں پانی نہیں ہے میں پنجاب پانی کیوں بھیجوں۔عمر عبداللہ نے کہا کہ پنجاب کے پاس انڈس واٹر ٹریٹی کے تحت تین دریا تھے اس وقت پنجاب نے ہمیں پانی نہیں دیا۔ریزرویشن پالیسی پر سب کمیٹی کی رپورٹ کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے محبوبہ مفتی اور سجاد لون کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا: جب محبوبہ مفتی کو ووٹوں کی ضرورت تھی تو انہوں نے اپنے ممبروں کو ریزرویشن پر بولنے سے منع کیا۔ان کا کہنا تھا: جب اننت ناگ نشست سے الیکشن لڑنے تھے اور راجوری اور پونچھ سے ووٹ حاصل کرنے تھے اس وقت محبوبہ مفتی نے ریزرویشن کے بارے میں بات کیوں نہیں کی۔عمر عبداللہ نے کہا: سجاد لون پانچ برسوں تک حکومت کے قریب تھے جب ایسا ہورہا تھا، ہمیں سرکاری رہائش گاہوں سے نکالا گیا اور ہماری سیکورٹی بھی کم کر دی گئی جبکہ وہ اس وقت سرکاری کوارٹر میں رہ رہے تھے، اس وقت انہوں نے ریزرویشن کے بارے میں بات کیوں نہیں کی۔انہوں نے کہا: کمیٹی نے چھ ماہ کے اندر اپنی رپورٹ پیش کی ہے، اس طرح پہلی بار ہوا، اگر مجھے وقت ضائع کرنا ہوتا تو میں مزید چھ ماہ کی توسیع کرتا۔ان کا کہنا تھا کہ کابینہ نے کمیٹی کی رپورٹ کو تسلیم کیا ہے اور اس کو محکمہ قانون کو بھیج دیا گیا ہے۔ریاستی درجے کی بحالی کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا: ریاستی درجے کی بحالی پر ہم وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کا انتظار کر رہے ہیں۔ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے بارے میں پوچھے جانے پر انہوں نے اسرائیل کے ایران پر حملے پر سوال کرتے ہوئے ایران میں پھنسے ہندوستانی طالب علموں کے تحفظ پر تشویش کا اظہار کیا۔ان کا کہنا تھا: ایران نے کیا کیا ہے کہ اسرائیل نے اس پر حملہ کیا، کچھ ماہ پہلے کہا گیا تھا کہ ایران کو کوئی نیوکلیائی پروگرام نہیں ہے تو پھر اس پر حملہ کیوں کیا گیا۔وزیر اعلیٰ نے کہا: وہاں ہمارے طلبا پھنسے ہوئے ہیں، 4 سو طلبا کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے 16 سو طلبا وہاں پھنسے ہوئے ہیں۔کانگریس رکن پارلیمان ششی تھرور کے ایک بیان کے متعلق پوچھے جانے پر انہوں نے کہا: یہ کانگریس کا داخلی معاملہ ہے۔

# بھارت مصنوعی ذہانت کو جمہوری بنانے کا حامی ہے: اشونی ویشنو




سینٹ پیٹرزبرگ (روس): بھارت نے جمعرات کو سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل اکنامک فورم (SPIEF) 2025 میں مصنوعی ذہانت کے لیے اپنا وژن پیش کیا، جس میں مرکزی وزیر برائے ریلوے، اطلاعات ونشریات، اور الیکٹرانکس اور آئی ٹی، اشونی ویشنو نے AI اور عالمی مقابلہ کا مستقبل عنوان سے ایک اعلیٰ سطحی سیشن سے ایک اہم خطاب پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ عالمی مندوبین کے ایک معزز اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جس میں وسطی ایشیائی ممالک کے نمائندے بھی شامل تھے، وزیر نے AI کے لیے ہندوستان کے جامع اور تبدیلی کے انداز کا خاکہ پیش کیا۔اپنی تقریر میں، ویشنو نے AI کو جمہوری بنانے کی ضرورت پر زور دیا، ٹیکنالوجی کو ہر شہری کے لیے قابل رسائی اور فائدہ مند بنانے کے لیے ہندوستان کے عزم پر زور دیا۔ انہوں نے کہا مساوات اور رسائی ہمارے AI وژن میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کس طرح اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ AI کے فوائد معاشرے کے تمام طبقات، صنعتوں اور جغرافیائی خطوں تک پہنچیں۔انہوں نے انڈیا اے آئی مشن کے ذریعے ہندوستان کی قومی AI حکمت عملی کی وضاحت کی، جو اخلاقی، شفاف اور ذمہ دارانہ اختراع کے اصولوں پر مبنی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ مشن ہندوستان کے وسیع تر سماجی۔اقتصادی اہداف کے ساتھ ہم آہنگ ہے، جو جامع ترقی اور پائیداری پر مضبوط زور دیتا ہے۔وزیر کے خطاب کا ایک بڑا مرکز ہندوستان کی نوجوان، ٹیک سیوی آبادی تھی۔ ویشنو نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح ملک جدت اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے حکمت عملی کے ساتھ اے آئی ہنرمند افرادی قوت کی پرورش کر رہا ہے۔انہوں نے تجویز کیا کہ یہ ٹیلنٹ پول ہندوستان کو AI کی ترقی اور اطلاق میں ایک سرکردہ عالمی طاقت کے طور پر پوزیشن میں لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔فورم کے موقع پر، ویشنو نے روس کے نائب وزیر اعظم الیکسی اوورچک کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ بھی کی۔ دونوں رہنماؤں نے اہم شعبوں جیسے کہ ٹرانسپورٹ، کنیکٹیویٹی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، اور نایاب زمینی معدنیات - دونوں ممالک کے اسٹریٹجک اور تکنیکی مستقبل کے لیے اہم شعبوں میں تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔وزیر کے SPIEF کے دورے نے ٹیکنالوجی سے چلنے والے ملک کے طور پر ہندوستان کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو تقویت دی۔انسانوں پر مرکوز اور جامع AI مستقبل کو چیمپیئن بنا کر، ہندوستان نہ صرف مصنوعی ذہانت پر عالمی گفتگو کو تشکیل دے رہا ہے بلکہ اہم بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ اپنی مصروفیت کو بھی گہرا کر رہا ہے۔

## بی جے پی نے 10 برسوں میں اے اے پی کے خلاف 200 مقدمات درج کیے: آتشی

نئی دہلی، 20 جون (یواین آئی) عام آدمی پارٹی (عآپ) کی لیڈر آتشی نے کہا ہے کہ گزشتہ



10 برسوں میں مرکزی تفتیشی ایجنسیوں نے ان کی پارٹی کے رہنماؤں کے خلاف 200 سے زیادہ جھوٹے مقدمات درج کیے ہیں لیکن ایک روپیہ بھی برآمد نہیں کیا گیا ہے۔محترمہ آتشی کا یہ ردعمل اس وقت آیا جب دہلی کے سابق نائب وزیر اعلی منیش سیسودیا آج انسداد بدعنوانی برانچ (اے سی بی) کے سامنے اسکولوں میں کلاس روم کی تعمیر سے متعلق مبینہ بدعنوانی کے معاملے میں پوچھ گچھ کے لیے پیش ہوئے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 برسوں میں ای ڈی، سی بی آئی، محکمہ انکم ٹیکس اور دہلی پولس نے عآپ کے لیڈروں کے خلاف 200 سے زیادہ جھوٹے کیس درج کیے ہیں، لیکن آج تک ایک روپیہ بھی برآمد نہیں کیا گیا ہے۔اے اے پی لیڈر نے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ دہلی میں اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لیے عوام کی توجہ ہٹانے کی حکمت عملی اپنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دہلی میں بجلی کی طویل کٹوتی ہو رہی ہے، گھروں میں پانی کی قلت ہے اور سڑکیں پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں۔لیکن بی جے پی ان مسائل کو حل کرنے کے بجائے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے فرضی مقدمات چلانے میں مصروف ہے۔

# ہندی سے نفرت مناسب نہیں، لیکن اسے مسلط بھی نہ کیا جائے: شرد پوار


ممبئی،20 جون (یواین آئی) نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے صدر شرد پوار نے جمعہ کو پونے میں نامہ



نگاروں سے بات چیت کے دوران کہا کہ ہندی زبان سے نفرت کرنا مناسب نہیں ہے، لیکن اسے زبردستی مسلط کرنا بھی درست عمل نہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو ہندی سکھانے پر توجہ دیں، تاہم طلبہ کو اپنی مرضی سے فیصلہ کرنے کی آزادی ہونی چاہیے۔شرد پوار نے کہا کہ ہندی کو لازمی طور پر پڑھانے پر زور دینا مناسب نہیں۔ اگر کوئی ہندی سیکھنا چاہے تو اسے روکا نہ جائے، لیکن اس پر جبر بھی نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہندی سے نفرت کرنا طلبہ کے مفاد کے خلاف ہے اور والدین کی رہنمائی میں ہی طلبہ کو یہ فیصلہ کرنا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی تقریباً 55 سے 60 فیصد آبادی ہندی بولتی ہے۔ لہٰذا قومی ہم آہنگی کے جذبے کو مدنظر رکھتے ہوئے ہندی سے نفرت نہیں کرنی چاہیے، لیکن اسے لوگوں پر تھوپنا بھی غلط ہے۔ اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔شرد پوار نے لوکل باڈی، ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں اب تین ماہ کے اندر انتخابی عمل شروع ہوجائے گا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس، شیوسینا، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی اور کسان مزدور پارٹی مل کر ایک اجلاس کریں گی، جس میں طے کیا جائے گا کہ آیا مل کر انتخابات میں اترا جائے یا نہیں۔انہوں نے کہا کہ ادھوٹھاکرے کے پاس ممبئی میں سب سے زیادہ طاقت ہے، اس لیے انہیں وہاں کی صورتحال پر غور کرنا ہوگا۔

# بی جے پی تحقیقاتی ایجنسیوں کا غلط استعمال کر رہی ہے: سسودیا

نئی دہلی 20 جون (یواین آئی) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے رہنما اور دہلی کے سابق نائب



وزیر اعلی منیش سسودیا نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر سیاست سے متاثر تفتیشی ایجنسیوں کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ دہلی حکومت ہر معاملے میں ناکام ہوچکی ہے۔مسٹر سسودیا نے کلاس روم گھپلے کے معاملے میں پوچھ گچھ میں حصہ لینے کے لیے دہلی اینٹی کرپشن برانچ (اے سی بی) کے دفتر جانے سے پہلے جمعہ کو نامہ نگاروں سے کہا کہ"دہلی میں عظیم اسکول بنائے گئے اور اچھی تعلیم دی گئی۔دہلی میں تعلیم کے میدان میں بہت اچھا کام کیا گیا جسے پورا ملک جانتا ہے، لیکن بی جے پی نے سیاست سے متاثر ہوکر اس ایجنسی کا غلط استعمال کرکے اس معاملے میں ایف آئی آر درج کرتی ہے اور پھر آج مجھے اے ایس بی نے بلایا ہے۔ یہ بات میں اے ایس بی کے سامنے رکھوں گا، لیکن میں یہاں کہنا چاہتا ہوں یہ پورے طریقے سے سیاست سے متاثر ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے تمام ایجنسیوں کا غلط استعمال کیا اور پچھلے 10 سالوں میں ہمارے ہر لیڈر کی پوری زندگی تلاش کی لیکن انہیں کچھ نہیں ملا۔ایجنسیاں صرف اور صرف جعلی ایف آئی آر درج کرتی ہیں بعد میں کچھ نہیں نکلتا۔اس معاملے میں بھی ایسا ہی ہونے جا رہا ہے۔اے اے پی لیڈر نے کہا کہ میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ بی جے پی ایم پی منوج تیواری نے ان پر یہ الزام لگایا تھا اور جب میں نے ان کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ دائر کیا تو وہ ابھی تک ضمانت پر آزاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے اس طرح کے مقدمات درج کرتی ہے۔

# منی پور میں سات انتہا پسند گرفتار

امپھال،20 جون (یواین آئی) پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران منی



پور میں مختلف کارروائیوں میں سات انتہا پسندوں کو گرفتار کیا ہے۔ ریاستی پولیس نے جمعہ کو کہا کہ انہوں نے امپھال مغربی ضلع کے وانگوئی بازار سے دو انتہا پسندوں کو گرفتار کیا۔ مرکزی فورس نے ٹینگنوپل ضلع کے بی پی-87 میں ہندوستان-میانمار سرحد سے دو انتہا پسندوں کو گرفتار کیا۔ایک اور واقعہ میں سیکورٹی فورسز نے ضلع کاکچنگ کے علاقے سیکمینگ کھنو سے ایک انتہا پسند کو گرفتار کیا۔ سیکورٹی فورسز نے امپھال مشرقی ضلع کے پھکنا نگ تھونگ کھونگ سے ایک خاتون کو بھی گرفتار کیا، جس پر مبینہ طور پر عسکریت پسند ہے۔اس کے علاوہ سیکورٹی فورسز نے بشنو پور ضلع کے کوئٹہ تیرکھو نگشنگبی بازار سے ایک انتہا پسند کو مختلف ہتھیاروں اور گولہ بارود کے ساتھ گرفتار کیا ہے۔اسی طرح کی ایک اور کارروائی میں ریاستی پولیس نے امپھال مشرقی ضلع میں ڈی سی آفس گیٹ کے قریب پورمپٹ سے ایک انتہا کو بھی گرفتار کیا۔ ایک .303 رائفل، میگزین کے ساتھ دو سنگل بیرل رائفلیں، ایک گرینیڈ، گولہ بارود اور دیگر مواد امپھال مغربی ضلع کے ہیونگ لونگ پہاڑیوں سے برآمد کیا گیا۔

# مہاراشٹر میں اسٹارٹ اپس کو گوگل کی عالمی سطح پر مصنوعی ذہانت کی حمایت حاصل ہوگی: وزیر منگل پر بھات لودھا

ممبئی، 20 جون (یواین آئی) مہاراشٹر میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے اسٹارٹ اپس کو عالمی انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کی حمایت حاصل ہوگی، جس سے یہ اسٹارٹ اپس دنیا کے ہر کونے میں صنعت کے مواقع تک رسائی حاصل کر سکیں گے، وزیر برائے ہنر، روزگار، کاروباری اور اختراع منگل پربھات لودھا نے کہا بتایا کہ گوگل کے وینچر کیپٹل اور سیٹ اپ پارٹنر شپس ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ڈاکٹر اپوروا چمریا نے وزیر لودھا سے ملاقات کی اور وزارت کے ہال میں اس معاملے پر تبادلہ خیال کیا۔مہاراشٹر کے اسٹارٹ اپس کو عالمی سطح پر لے جانے کے لیے وزیر لودھا کوشش کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں گوگل کے ساتھ مل کر نئے صنعتی مواقع پیدا کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ اس موقع پر اسکل ڈیپارٹمنٹ کے کمشنر لہوراج مالی اور وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کے اسپیشل ڈیوٹی آفیسر کوستوبھ دھوا سے بھی میٹنگ میں موجود تھے۔ گوگل دنیا کے نو ممالک میں AI کے تربیتی مراکز چلاتا ہے اور ہندوستان میں بھی اسٹارٹ اپس کے لیے ایسا مرکز قائم کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ انتخابی عمل سے گزرتے ہوئے اسٹارٹ اپس کو اس میں شامل ہونے کا موقع ملے گا۔ وزیر لودھا نے کہا کہ یہ ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا مرکز ہوگا جو مہاراشٹر کے نوجوانوں کے لیے عالمی دروازے کھولے گا جو نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ابتدائی بات چیت جاری ہے اور جلد ہی مفاہمت کے معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے۔اس کے علاوہ، گوگل نے مہاراشٹر میں آئی ٹی آئی کے طلباء کے لیے اسٹارٹ اپس اور جدید ٹیکنالوجی کے کورسز کے لیے ایک مرکز شروع کرنے کی تیاری ظاہر کی ہے۔

# بی ایس ایف نے امرتسر سرحد پر بھاری مقدار میں آئس ڈرگ کے ساتھ ڈرون برآمد کیا

جالندھر 20 جون (یواین آئی) بارڈر سیکورٹی فورس (بی ایس ایف) نے امرتسر سرحد پر جمعرات کی دیر رات 470.7 کلوگرام آئس (میتھمفیٹامین) برآمد کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔بی ایس ایف کے ترجمان نے جمعہ کو کہا کہ سیکورٹی فورسز نے ایک اسٹریٹجک آپریشن کیا۔ اس آپریشن کے دوران جوانوں نے ڈرون کی سرگرمی دیکھی، جسے سرحد پر تعینات تکنیکی جوابی اقدامات کا استعمال کرتے ہوئے بے اثر کر دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ دوپہر تقریباً 2:30 بجے مشتبہ ڈراپنگ زون کی مکمل تلاشی لینے کے بعد اسمبلڈ ڈرون کے ساتھ سیاہ رنگ کا ایک بڑا بیگ برآمد ہوا۔کالے بیگ کو کھولنے پر اس کے اندر سے 470.7 کلوگرام وزنی آئس ڈرگ کے 07 پیکٹ ملے۔ یہ بازیابی امرتسر ضلع کے گاؤں موڑ کے قریب ایک زرعی کھیت سے کی گئی۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES
हकीकत टाइम्स
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर

# اعلیٰ امریکی حکام آئندہ چندروز میں ایران پر ممکنہ حملے کی تیاریوں میں مصروف

واشنگٹن (یواین آئی) امریکی ذرائع ابلاغ کے مطابق اعلیٰ امریکی حکام آئندہ چند روز میں ایران پر ممکنہ حملے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ خبر رساں ادارے بلومبرگ نے باخبر ذرائع کے حوالے سے جمعرات کو اطلاع دی ہے کہ صورتحال مسلسل بدل رہی ہے اور آئندہ ہفتے کے آغاز میں حملے کا امکان موجود ہے۔

اس سے قبل ”اے بی سی نیوز“ نے ایک ذریعے کے حوالے سے بتایا تھا کہ ممکنہ امریکی حملہ فوردو نیوکلیئر پلانٹ پر ایک ہی وار نہیں بلکہ کئی حملوں پر مشتمل ہوسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس حملے پر غور کررہے ہیں اور اس کی تیاری بھی جاری ہے ۔ادھر امریکی ویب سائٹ اکسیوس“ نے انکشاف کیا ہے کہ ٹرمپ نے اپنے مشیروں سے یہ جاننے کی خواہش ظاہر کی ہے کہ اگر فوردو پر حملے میں امریکی گہرے اثر ات والے بم استعمال کیے جائیں تو اس کی کامیابی کے کتنے امکانات ہیں۔

اکسیس کے مطابق ٹرمپ اس بات کی بھی تصدیق چاہتے ہیں کہ ایران پر حملہ واقعی ضروری ہے اور اس کے نتیجے میں امریکہ کسی طویل جنگ میں نہ الجھ جائے ۔ایک امریکی عہدیدار نے کہا کہ ”میرا خیال ہے کہ ٹرمپ اب تک ایران پر حملے کے بارے میں قائل نہیں ہوئے“۔مذکورہ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ٹرمپ کو بتایا گیا ہے کہ امریکی بمبار فوردو جیسی زیرزمین تنصیبات تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بدھ کے روز ٹرمپ نے ایک پریس کانفرنس کے دوران دنیا کو تذبذب میں ڈال دیا کہ آیا امریکہ ایران کی جوہری اور میزائل تنصیبات پر اسرائیلی حملے میں شامل ہوگا یا نہیں، جبکہ تہران میں شہری چھٹے روز بھی فضائی حملوں کے خدشے کے باعث گھروں سے نقل مکانی کر رہے ہیں۔وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے واضح جواب دینے سے گریز کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ”ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔کوئی نہیں جانتا کہ میں کیا کرنے والا ہوں“۔ٹرمپ نے انکشاف کیا کہ ایرانی حکام واشنگٹن آ کر بات چیت کرنا چاہتے ہیں لیکن ساتھ ہی کہا کہ ”اب شاید اس کے لیے دیر ہو چکی ہے“۔

وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق تین باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ ٹرمپ نے اپنے قریبی مشیروں کو ایران پر حملے کی منصوبہ بندی کی منظوری دے دی ہے ،لیکن حتمی حکم اس لیے مؤخر کیا جا رہا ہے تا کہ یہ دیکھا جا سکے کہ آیا تہران اپنا جوہری پروگرام ترک کرتا ہے یا نہیں۔جب ان سے پوچھا گیا کہ آیا وہ سمجھتے ہیں کہ اسرائیلی مہم کے نتیجے میں ایرانی حکومت کا خاتمہ ہوسکتا ہے؟ تو ٹرمپ نے جواب دیا ”یقیناً کچھ بھی ممکن ہے“۔

فوردو میں یورینیم افزودگی کے پلانٹ کو تباہ کرنے یا غیر مؤثر بنانے کے امکان پر بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ”امریکہ واحد ملک ہے جو یہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں لازماً ایسا ہی کروں گا“۔فوجی ماہرین کا خیال ہے کہ فوردو کا جوہری پلانٹ جو کہ قم شہر کے قریب ایک پہاڑ کے نیچے واقع ہے،اس کو تباہ کرنے کے لیے اسرائیل کو امریکی عسکری مدد کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

ادھر اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے بدھ کی شام جاری کردہ ایک وڈیو بیان میں کہا کہ اسرائیل قدم بہ قدم آگے بڑھتے ہوئے ایرانی جوہری تنصیبات اور بیلسٹک میزائل ذخائر کو ختم کرنے کے مشن پر گامزن ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ ”ہم تہران کی فضائی حدود پر کنٹرول قائم کیے ہوئے ہیں، ہم آیت اللہ رجیم کو شدید طاقت سے نشانہ بنا رہے ہیں، ہم جوہری مراکز، میزائل اڈے، ہیڈ کوارٹرز اور نظام کی علامتوں کو نشانہ بنا رہے ہیں“۔

نیتن یاہو کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ تصویر میں انہیں اپنی کابینہ کے ساتھ اجلاس کی صدارت کرتے دکھایا گیا،جس کے بارے میں بتایا گیا کہ یہ اجلاس بدھ کی شام ہوا۔انہوں نے صدر ٹرمپ کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور انہیں ”اسرائیل کا سچا دوست“ قرار دیا۔ ساتھ ہی بتایا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان مسلسل رابطہ ہے۔

ٹرمپ نے سفارتی ذرائع سے جنگ روکنے کی تجویز کو نظرانداز کرتے ہوئے عندیہ دیا کہ امریکہ بھی جنگ میں شامل ہو سکتا ہے ۔ منگل کے روز سوشل میڈیا پر انہوں نے ایرانی رہبر اعلیٰ خامنہ ای کے قتل کی بات کی اور پھر ایران سے ”غیر مشروط ہتھیار ڈالنے“ کا مطالبہ کیا۔




## پاک آرمی چیف اور امریکی صدر کا ایران، اسرائیل تنازع کے پُرامن حل پر زور

واشنگٹن (یو این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ ( آئی ایس پی آر ) نے کہا ہے کہ آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران، اسرائیل تنازع کے پُرامن حل پر زور دیا ہے، ملاقات کے دوران ایران، اسرائیل کشیدگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ ( آئی ایس پی آر ) کے جاری کردہ بیان کے مطابق پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے وائٹ ہاؤس میں امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کی، اعلیٰ سطح کی یہ ملاقات کابینہ روم میں ظہرانے کے دوران ہوئی، جس کے بعد اوول آفس کا دورہ بھی کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق صدر ٹرمپ کے ہمراہ امریکی وزیر خارجہ سینیٹر مارکو روبیو اور مشرق وسطیٰ کے امور کے لیے امریکی خصوصی نمائندے مسٹر اسٹیو وٹکوف موجود تھے جبکہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ پاکستان کے مشیر قومی سلامتی بھی ملاقات میں شریک تھے۔ملاقات کے دوران چیف آف آرمی اسٹاف نے پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے حالیہ علاقائی بحران میں پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جنگ بندی میں سہولت کاری پر صدر ٹرمپ کے تعمیری اور نتیجہ خیز کردار پر دلی شکریہ ادا کیا۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے عالمی سطح پر درپیش پیچیدہ چیلنجز کو سمجھنے اور حل کرنے کی صدر ٹرمپ کی بصیرت اور قیادت کو سراہا۔صدر ٹرمپ نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی اور انسداد دہشت گردی کے شعبے میں دونوں ممالک کے مابین مضبوط تعاون کو سراہا، فریقین نے انسداد دہشت گردی کے میدان میں تعاون کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔بات چیت میں تجارت، اقتصادی ترقی، معدنیات، مصنوعی ذہانت، توانائی، کرپٹو کرنسی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔صدر ٹرمپ نے پاکستان کے ساتھ ایک طویل المدتی اسٹریٹجک ہم آہنگی اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر باہمی مفاد پر مبنی تجارتی شراکت داری قائم کرنے میں گہری دلچسپی ظاہر آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور مسئلے کے پرامن حل کی اہمیت پر زور دیا۔صدر ٹرمپ نے موجودہ پیچیدہ علاقائی حالات میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور فیصلہ کن کردار کی تعریف کی، ملاقات کے اختتام پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے حکومت پاکستان کی جانب سے صدر ٹرمپ کو باہمی طور پر موزوں تاریخ پر پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت بھی دی۔آئی ایس پی آر کے مطابق اگرچہ ملاقات ایک گھنٹے کے لیے طے تھی، تاہم یہ 2 گھنٹے سے زائد جاری رہی، جو اس مکالمے کی گہرائی اور دوستانہ ماحول کی عکاسی کرتا ہے ۔یہ ملاقات پاکستان اور امریکہ کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی کوششوں میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے ، جو امن، استحکام اور خوشحالی کے مشترکہ اہداف پر قائم ہے۔

## فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات اعزاز ہے: امریکی صدر



واشنگٹن (یو این آئی) پاکستانی آرمی چیف سے وائٹ ہاؤس میں اہم ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات اعزاز ہے، ان کا شکریہ کہ وہ جنگ کی طرف نہیں گئے ۔ترجمان وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔

ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ظہرانہ کیبنٹ روم میں دیا گیا، اس دوران آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے وائٹ ہاؤس میں اہم ملاقات ہوئی۔ملاقات کے بعد وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات اعزاز ہے ، ان کا شکریہ کہ وہ جنگ کی طرف نہیں گئے کیوں کہ پاکستان اور بھارت دونوں جوہری طاقتیں ہیں۔ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو جنگ روکنے کے لیے شکریہ ادا کرنے کے لیے ظہرانے پر مدعو کیا تھا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ فیلڈ مارشل سے ملاقات کے دوران حالیہ ایران اور اسرائیل کے معاملے پر بھی بات ہوئی، پاکستان ایران کو بہت زیادہ جانتا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کے ساتھ تجارتی معاہدے پر بات چیت ہورہی ہے جب کہ فیلڈ مارشل سے پاکستان کے تجارتی معاہدے پر بھی بات ہوئی۔ایک سوال کے جواب میں امریکی صدر نے کہا کہ ایران سے بات چیت کے معاملے میں اب بہت تاخیر ہوچکی ہے۔

یاد رہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے بھی ملاقات متوقع ہے۔دوسری جانب، آرمی چیف کی امریکی صدر سے ملاقات کو اسلام آباد میں ایک بڑی سفارتی کامیابی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے ۔ادھر، وائٹ ہاؤس میں صحافیوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی ملاقات کے متوقع سفارتی نتائج کے بارے میں ڈونلڈ ٹرمپ سے سوال کیا تو ان کا کہنا تھا ’جنرل عاصم پاک-ہند کشیدگی کو پاکستان کی طرف سے روکنے میں انتہائی مؤثر رہا ہے ‘۔

## امریکی صدر کو ایٹمی حملوں سے محفوظ رکھنے والا طیارہ ”ڈومز ڈے“ واشنگٹن میں اتر گیا

واشنگٹن (یو این آئی) جوہری حملے سے بچنے کے لیے بنایا گیا امریکی ’ڈومز ڈے طیارہ‘ واشنگٹن پہنچ گیا ہے۔اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں امریکی فضائیہ کا انتہائی حساس [؟] ڈومز ڈے [؟] طیارہ ”ای [؟] فور بی نائٹ واچ“ واشنگٹن کے قریب لینڈ کر گیا۔ یہ طیارہ نیشنل ایئر بورن آپریشنز سینٹر کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور ایمرجنسی کی صورت میں امریکی صدر اور اعلیٰ عسکری قیادت کے لیے فضائی کمانڈ پوسٹ کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے۔

یہ طیارہ الیکٹرومیگنیٹک پلس اور ایٹمی حملوں سے محفوظ رہنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور صرف انتہائی غیر معمولی حالات میں فعال کیا جاتا ہے، جیسا کہ اس وقت مشرق وسطیٰ میں صورت حال کشیدہ ہوتی جا رہی ہے، اسرائیل اور ایران کے ایک دوسرے پر تابڑ توڑ حملے جاری ہیں، جس سے خطے کی صورت حال کشیدہ ہو گئی ہے، ایسے میں خدشات ہیں کہ امریکہ بھی اس جنگ میں کود جائے گا کیوں کہ اس نے اپنے فوجی اثاثے مشرق وسطیٰ منتقل کردیے ہیں۔

روئٹرز کا کہنا ہے ایف 16، ایف 22 اور ایف 35 لڑاکا طیاروں کو مشرق وسطیٰ میں اڈوں پر منتقل کردیا گیا ہے۔امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس نمٹز اور گائیڈڈ میزائل ڈسٹرائرز پر مشتمل امریکی بحری بیڑہ جنوبی بحیرہ چین سے مشرق وسطیٰ کی جانب گامزن ہے۔ دیگر جنگی بحری جہاز خلیج عمان اور خلیج فارس میں تعینات ہیں۔ یہ جہاز پہلے ہی ایرانی میزائلوں کو مار گرانے میں اسرائیل کی مدد کر رہے ہیں۔

غیر ملکی میڈیا رپورٹس میں کہا جا رہا ہے کہ جیسا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کی جوہری تنصیبات پر ممکنہ حملے پر غور کر رہے ہیں، امریکہ کے ڈومز ڈے طیاروں میں سے ایک نے بدھ کو واشنگٹن میں جوائنٹ بیس اینڈریوز کے لیے پرواز کی۔E-4B نائٹ واچ کو خاص طور پر حکومت کے تسلسل کو یقینی بنانے اور جوہری تنازعہ کے دوران اعلیٰ دفاعی اہلکاروں کی حفاظت کے لیے بنایا گیا ہے، اور یہ طیارہ رات 10 بجے کے قریب میری لینڈ میں اترا تھا۔

یہ ایک انتہائی خصوصی طیارہ ہے جسے امریکی فضائیہ چلاتی ہے اور نیشنل ایئر بورن آپریشنز سینٹر (این اے او سی) کے طور پر کام کرتی ہے ۔ اسے قیامت کا طیارہ اس لیے کہا جاتا ہے کیوں کہ اسے ایٹمی جنگ، بڑے پیمانے پر تنازعات، یا کسی بھی تباہ کن قومی ہنگامی صورت حال کے دوران امریکی حکومت کے لیے ایک موبائل کمانڈ سینٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

اسے 1970 کی دہائی میں متعارف کرایا گیا تھا اور بعد میں اسے 1980 کی دہائی میں اس کی موجودہ شکل میں اپ گریڈ کیا گیا۔ یہ طیارہ جدید مواصلاتی نظام سے لیس ہے جو اسے امریکی جوہری قوتوں کے مکمل اسپیکٹرم کے ساتھ جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے [؟] جن میں آبدوزیں، بمبار طیارے اور میزائل شامل ہیں [؟] اگر ایٹمی دھماکے ہوتے ہیں تو یہ طیارہ اتنا سخت ہے کہ برقی مقناطیسی پلس (ای ایم پی ) کے خلاف کامیابی سے مزاحمت کرتا ہے اور اسے کچھ نہیں ہوتا۔

یہ طیارہ اپنے ایندھن کی دستیابی کی وجہ سے طویل مدت تک فضا میں رہ سکتا ہے، جس میں سب سے طویل ریکارڈ شدہ پرواز 4.35 گھنٹے ہے۔ تاہم یہ ایک ہفتے تک زمین پر اترے بغیر ہوا میں اڑ سکتے ہیں۔ یہ طیارہ جوہری دھماکوں، سائبر حملوں، اور برقی مقناطیسی پلسز کو برداشت کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ، اور ضرورت پڑنے پر جوابی میزائل حملے کرسکتا ہے۔

یہ طیارہ تھرمل اور نیوکلیئر ڈھال سے لیس ہے، اس میں رے ڈوم ہاؤسنگ 67 سیٹلائٹ ڈشز اور اینٹینا نصب ہیں، جس سے زمین پر کسی بھی مقام کے ساتھ عالمی مواصلات ممکن ہو جاتے ہیں۔ اس وقت امریکا میں ایسے 4 طیارے سروس میں ہیں ، جن میں باقی تین نیبر اسکا ایئر فورس بیس پر موجود ہیں۔

## یہوداگلیک کی قیادت میں یہودی شر پسندوں کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا



مقبوضہ بیت المقدس : قابض اسرائیلی ریاست کے سابق کنیسٹ رکن اور بدنام زمانہ شدت پسند یہوداغلیک کی قیادت میں 134 صہیونی آبادکاروں نے مسجد اقصیٰ میں دھاوا بول دیا۔القدس گورنری کے مطابق درجنوں صہیونیوں نے باب المغاربہ کے راستے مسجد اقصیٰ کے مقدس احاطے میں مرحلہ وار داخل ہو کر کھلم کھلا تلمودی رسومات ادا کیں۔ ان میں سے کئی نے نام نہاد ”سجود ملحمی“ جیسے اشتعال انگیز عمل میں بھی حصہ لیا، جو مقدس مقام کی بے حرمتی اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو روندنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔ یہ حملہ انتہائی سخت سکیورٹی حصار میں انجام دیا گیا، جہاں قابض اسرائیلی فوجیوں نے ان درندہ صہیونیوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا اور فلسطینیوں کی مقدس جگہ پر ان کے قبضہ و توہین کی راہ ہموار کی۔ گذشتہ شام قابض فورسز نے باب حطہ اور سلسلہ پرانے شہر کی طرف کھلتے ہیں کو مختصر وقت کے لیے کھول دیا۔ تاہم مسجد میں صرف 65 سال سے زائد عمر کے افراد کو داخلے کی اجازت دی گئی جب کہ عشاء کی نماز کے بعد مسجد کو زبردستی خالی کرا کر اس کے تمام دروازے بند کر دیے گئے۔ آج صبح ایک بار پھر ان دو دروازوں کو کھولا گیا۔قابض اسرائیل نے گذشتہ جمعہ سے مسجد اقصیٰ کو مکمل طور پر بند کر رکھا تھا اور نمازیوں کو عبادت سے روک دیا گیا۔ یہ صریح مذہبی آزادیوں کی پامالی اور فلسطینیوں کی روحانی وابستگی کو کچلنے کی دانستہ کوشش ہے۔اس پورے عرصے میں قابض فورسز نے پرانے شہر اور مسجد اقصیٰ کے اطراف میں جارحانہ انداز میں کریک ڈاؤن جاری رکھا، جہاں فلسطینی باشندوں کو راستے میں روکا گیا،تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور ان کے روزمرہ معمولات میں رکاوٹیں ڈال کر ان کی زندگی کو اجیرن بنا دیا گیا۔

## ایران میں اسرائیلی حملوں میں کم از کم 639 افراد جاں بحق اور 1,320 سے زائد زخمی

تہران (یو این آئی) ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری شدید کشیدگی کے ساتویں روز، اسرائیلی حملوں کے باعث ایران میں کم از کم 639 افراد جاں بحق اور 320,1 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق یہ انکشاف امریکہ میں قائم انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس ایکٹوسٹس کی جانب سے سامنے آیا ہے۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ ایران میں اسرائیلی حملوں سے شہید ہونے والے افراد میں 263 عام شہری اور 154 سیکیورٹی اہلکار شامل ہیں جبکہ دیگر کی شناخت جاری ہے ۔ رپورٹ کے مطابق یہ اعداد و شمار ایران کے اندر موجود مقامی ذرائع اور تنظیم کے اندرونی نیٹ ورک سے تصدیق کے بعد مرتب کیے گئے ہیں۔ ایران نے جانی نقصان کی باقاعدہ تفصیلات جاری نہیں کی ہیں، تاہم، ایرانی حکام کی جانب سے آخری بار جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 224 افراد کے جاں بحق اور 277,1 افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق کی گئی تھی۔ ہیومن رائٹس ایکٹوسٹس کے مطابق زمینی حقائق کے پیش نظر اصل تعداد اس سے بھی زیادہ ہوسکتی ہے اور کئی علاقوں میں شدید بمباری کی وجہ سے نقصانات کی مکمل معلومات تک رسائی ممکن نہیں۔

## ہم نے کبھی نہیں کہا کہ ایران ایٹمی ہتھیار بنا رہا ہے: سربراہ آئی اے ای اے

واشنگٹن (یو این آئی) امریکی نیشنل انٹیلی جنس سربراہ کے بعد آئی اے ای اے کے سربراہ نے بھی ایران کی جانب سے ایٹمی ہتھیار بنانے کی تردید کردی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی ( آئی اے ای اے (کے سربراہ رافیل گروسی کا کہنا ہے کہ ایران ایٹمی ہتھیار بنانے کی کوشش نہیں کررہا تھا اور اے ہم نے کبھی نہیں کہا کہ ایران ایٹمی ہتھیار بنا رہا ہے۔انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے سربراہ کا کہنا ہے کہ ایران کے جوہری ہتھیار بنانے کا ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے تاہم 60 فیصد یورینیم افزودہ کرنے پر شبہات تھے، لیکن ہم نے یہ کبھی نہیں کہا کہ ایران ایٹمی ہتھیار بنا رہا ہے ۔واضح رہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا تھا کہ ایران درحقیقت ”خفیہ“ طور پر جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش کر رہا ہے جس کے بعد 13 جون کو اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا۔لیکن امریکا کی قومی سلامتی کی ڈائریکٹر تلسی گبارڈ نے مارچ 2025 میں کہا تھا کہ اُن کی انٹیلی جنس کے مطابق ایران ایٹمی ہتھیار نہیں بنا رہا بلکہ آیت اللہ خامنہ ای نے ایٹمی ہتھیاروں کے پروگرام کی اجازت ہی نہیں دی۔

## اگر امریکہ تنازع میں شامل ہوا تو ہمارے پاس جوابی کارروائی کے سوا کوئی چارہ نہیں: ایران

تہران (یو این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ ماجد تخت روانچی نے کہا ہے کہ اگر امریکہ نے ایران پر حملہ کرنے میں اسرائیل کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا تو تہران کے پاس جوابی کارروائی کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی کا سی این این کو انٹرویو میں کہا ہم جوہری ہتھیاروں پر یقین نہیں رکھتے، اگر امریکہ نے ایران پر حملہ کرنے میں اسرائیل کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا ہیں، تو ہمارے پاس جوابی کارروائی کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے جہاں بھی ہمیں ہدف نظر آئے گے، ہم کارروائی کریں گے یہ بات بالکل واضح اور سیدھی ہے، کیونکہ ہم صرف اپنے دفاع میں کارروائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کسی سے رابطہ نہیں کیا، ہم صرف اپنا دفاع کر رہے ہیں، ہم ہمیشہ سفارت کاری کی حمایت کرتے رہے ہیں لیکن ہم دھمکیوں کے سائے میں مذاکرات نہیں کر سکتے ، جب ہمارے عوام روزانہ بمباری کا شکار ہوں، تو ہم مذاکرات کے لیے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے ، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگ رہے ۔انٹرویو کے دوران خاتون میزبان نے سوال کیا کہ اسرائیل کا دعویٰ ہے کہ ایران جوہری بم بنانے کے قریب ہے، صدر ٹرمپ کا بھی یہی خیال ہے، حالانکہ اُن کے انٹیلی جنس چیف کا کہنا ہے کہ اُن کی اطلاعات کے مطابق ایسا نہیں ہے، لیکن کیا آپ کو اب لگتا ہے کہ آپ کی تمام تنصیبات پر حملے کے بعد اگر آپ بچ گئے تو کیا ایران نیوکلیئر ریاست بننے کا فیصلہ کرے گا؟ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے جواب دیا کہ نہیں، ہم یقینی طور پر بچ جائیں گے دوسری اہم بات یہ ہے کہ ہم جوہری ہتھیاروں پر یقین نہیں رکھتے ، جوہری ہتھیاروں کا ہماری دفاعی پالیسی میں کوئی مقام نہیں، بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ دنیا جوہری ہتھیاروں کے بغیر زیادہ بہتر جگہ ہوگی۔

## روس کا یوکرین کے 81 ڈرونز مار گرانے کا دعویٰ

ماسکو (یواین آئی) روس نے یوکرین کے 81 ڈرونز مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔روس کے وزارت دفاع نے جمعرات کو ایک بیان میں کہا کہ رات کے وقت روسی فضائی دفاع نے 81 یوکرینی ڈرونز کو تباہ کر دیا۔روسی وزارت دفاع نے کہا کہ 19 ڈرونز کو بریانسک علاقے میں، 17 کو کرسک علاقے میں، 13 کو اسمولنسک علاقے میں، سات کو ولگوگراڈ علاقے میں اور چھ کو اوریول علاقے میں تباہ کیا گیا۔ روستوف علاقے اور کریمیا میں پانچ پانچ ڈرونز کو مار گرایا گیا۔بیلگوروڈ اور استراخان علاقوں میں تین تین، ریازان علاقے میں دو اور ماسکو علاقے میں ایک ڈرون کو غیر فعال کر دیا گیا۔

## اسرائیلی فوج کی ایران کے اراک جوہری ری ایکٹر پر حملے کی تصدیق

تہران (یواین آئی) اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہے کہ اس کے لڑاکا طیاروں نے ایران کے شہر خنداب میں اراک جوہری ری ایکٹر پر حملہ کیا ہے۔قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے اپنے بیان میں کہا کہ لڑاکا طیاروں نے رات بھر ایران کے درجنوں مقامات پر حملہ کیا جن میں اراک ہیوی واٹر جوہری ری ایکٹر بھی شامل ہے۔فوج نے دعویٰ کیا کہ حملے میں خاص طور پر ری ایکٹر کی کور سیل کو نشانہ بنایا جو پلوٹونیم کی پیداوار میں ایک اہم جزو ہے۔اسرائیل نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ نطنز میں جوہری ہتھیاروں کے مقام کو نشانہ بنایا اور بیلسٹک میزائلوں کیلیے ضروری اجزاء تیار کرنے والی متعدد فیکٹریوں پر حملے کیے ۔دوسری جانب اسرائیلی فوج نے تہران میں ایران کے داخلی سلامتی کے ہیڈ کوارٹر کو بھی نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا، ایران کے شہر کراج اور پیام ہوائی اڈے کے قریب حملے کئے گئے جبکہ ایرانی فورسز کا کہنا ہے کہ متعدد اسرائیلی ڈرونز مار گرائے گئے۔

## عراقی فضائی حدود کو محدود سطح تک کھول دیا گیا

بغداد (یواین آئی) ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث بند کی گئی عراقی فضائی حدود کو محدود سطح تک کھول دیا گیا ہے۔غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث گزشتہ 6 دن سے بند عراقی فضائی حدود کو بدھ کو محدود سطح تک کھولا گیا، اس دوران نجف اسلام آباد سمیت مختلف پروازیں آپریٹ کرنا شروع کی گئی ہیں۔رپورٹس کے مطابق نجف سے اسلام آباد کی شیڈیول پرواز آئی اے 433 کو ہنگامی صورتحال میں بصرہ سے اسلام آباد بھیجا گیا۔اسلام آباد سے یہ پرواز آئی اے 434 نجف کیلئے روانہ ہوئی تاہم اسے ڈائیورٹ کر کے بصرہ میں لینڈ کرایا گیا۔جبکہ عراقی حاجیوں کو لے کر جدہ سے ایک پرواز بصرہ پہنچی۔ بغداد بیروت کی 4 پروازوں کو بھی بصرہ سے آپریٹ کیا گیا۔بصرہ سے چین کے شہر گونگزو کیلئے بھی عراقی ایئر کی پرواز آپریٹ کی گئی۔اس کے علاوہ قاہرہ سے بغداد کی پرواز کو بھی بصرہ ایئر پورٹ لینڈ کرایا گیا۔واضح رہے کہ متحدہ عرب امارات کی فضائی کمپنی ’ایمریٹس‘ نے چار ممالک کے لئے پروازوں کی معطلی میں 22 اور 30 جون تک توسیع کردی ہے ۔متحدہ عرب امارات کی فضائی کمپنی ایمریٹس کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ اردن (عمان) اور لبنان (بیروت) کے لیے پروازیں اتوار 22 جون تک معطل کردی گئی ہیں۔اس کے علاوہ ایران (تہران (اور عراق (بصرہ، بغداد ( کے لیے پروازوں کی معطلی میں پیر 30 جون تک توسیع کردی گئی ہے۔

## جاپان کے ساحلی علاقے میں 6.1 شدت کا زلزلہ آگیا

ٹوکیو (یواین آئی) جاپان کے ساحلی علاقے ہوکائیڈو میں 0.6 شدت کا زلزلہ آگیا ہے۔جاپانی میڈیا کے مطابق جاپان کی موسمیاتی ایجنسی نے بتایا کہ جمعرات کو مشرقی ہوکائیڈو میں نیمورو جزیرہ نما کے قریب 1.6 شدت کا زلزلہ آیا ہے۔جاپان کی موسمیاتی ایجنسی کے مطابق زلزلہ بدھ کو مقامی وقت کے مطابق صبح 8:08 بجے نیمورو جزیرہ نما کے جنوب مشرقی ساحل پر اتھلی گہرائی میں آیا۔جاپان کی موسمیاتی ایجنسی کے مطابق زلزلے کا مرکز 8.42 ڈگری شمال طول بلد اور 4.146 درجے مشرق کی طول بلد پر واقع تھا۔ایجنسی نے بتایا کہ زلزلہ ہوکائیڈو کے ساحل پر لہروں میں 20 سینٹی میٹر سے بھی کم سطح کی تبدیلی کا سبب بن سکتا ہے، اس لیے نقصان کے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جب کہ زلزلہ کی شدت کا پیمانہ زیادہ سے زیادہ 7 میں سے 4 رہا۔زلزلہ کی شدت کا پیمانہ کسی خاص مقام پر زمین کے ہلنے کی ڈگری کی پیمائش کرتا ہے۔ 4 کی شدت میں گھر میں لٹکی چیزیں جھولنے لگتی ہیں اور شیلف پر پڑی چیزیں گر سکتی ہیں۔امریکی جیولوجیکل سروے نے بتایا کہ ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 9.5 تھی۔زخمیوں یا انفراسٹرکچر کو پہنچنے والے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے، سونامی کی وارننگ بھی جاری نہیں کی گئی۔واضح رہے کہ جاپان کے شمالی ترین صوبے ہوکائیڈو میں درمیانے درجے کے طاقتور زلزلے آتے رہے ہیں، لیکن موسمی حکام کا کہنا ہے کہ بڑے زلزلے آنے کا امکان نہیں ہے۔موسمیاتی ایجنسی کا کہنا ہے کہ رواں ماہ 2 جون کی صبح کو بھی 6.3 شدت کا زلزلہ آیا، جس کا مرکز ٹوکاچی کے ساحلی علاقے میں تھا۔

## امریکہ کو ایسی جنگ میں نہیں کودنا چاہیے جو تباہی کا باعث بنے: امریکی سینیٹر

واشنگٹن (یواین آئی) امریکہ کے سینیٹر ٹم کین نے کہا ہے کہ اسرائیل کو فوجی امداد دینے کا حامی ہوں مگر اسرائیل اپنا دفاع خود کرے۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی سینیٹ کی آرمڈ سروسز اور فارن ریلیشن کمیٹیوں کے رکن ٹم کین نے کہا کہ مجھے اس بات پر شدید تشویش ہے کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ میں حالیہ اضافہ امریکہ کو ایک اور نہ ختم ہونے والے تنازعے کی طرف تیزی سے کھینچ سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکی عوام کو مشرق وسطیٰ میں ایک اور جنگ لڑنے کے لیے اپنے فوجیوں کو بھیجنے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، کسی بھی جنگ میں جانے سے قبل امریکی سینیٹ میں اُس معاملے پر بحث اور ووٹنگ کی جائے گی، امریکا ووٹ کے بغیر جنگ میں نہیں جا سکتا۔امریکی سینیٹر کا کہنا تھا کہ امریکہ کو ایسی جنگ میں نہیں کودنا چاہیے جو تباہی کا باعث ہو، ہم اسرائیل کو فوجی امداد دینے کے حامی ہیں مگر اسرائیل اپنا دفاع خود کرے۔سینیٹر ٹم کین نے مزید کہا کہ میں احمقوں کے فیصلوں پر امریکیوں کی جانیں خطرے میں نہیں ڈال سکتا اور ایران کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں پر حملے کی دھمکیاں باعثِ تشویش ہیں، جنگ میں شامل ہونے کا فیصلہ صرف امریکی کانگریس کر سکتی ہے۔

## جاپان میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے

ٹوکیو (یواین آئی) جاپان کے مشرقی ہوکائیڈو میں جزیرہ نما نیمورو کے قریب زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ۔جاپان کی موسمیاتی ایجنسی نے کہا کہ جمعرات کو مقامی وقت کے مطابق صبح 08:8 بجے آئے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 1.6 ریکارڈ کی گئی۔ ایجنسی کے مطابق زلزلے کی شدت جاپانی زلزلہ پیمانہ اسکیل سات میں سے چار ماپی گئی۔ اس کا مرکز ہوکائیڈو صوبے کے کوشیرو ٹاؤن میں تھا۔ ایجنسی نے کہا کہ زلزلے کی وجہ سے ہوکائیڈو کے مشرقی بحرالکاہل ساحل پر سمندری لہروں کی سطح میں 20 سینٹی میٹر سے کم تبدیلی ہو سکتی ہے۔ لیکن نقصان کے بارے میں فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# گل اور جیسوال کی سنچریوں کی بدولت ہندوستان کی میچ پر گرفت مضبوط



لیڈز، 20 جون (یو این آئی) یشسوی جیسوال (101) اور کپتان شبھمن گل (ناٹ آوٹ 127) کی سنچریوں کی بدولت ہندوستان نے پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن جمعہ کو اسٹمپ ہونے تک تین وکٹ پر 359 رن بنا کر میچ پر گرفت مضبوط کر لی۔آج انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس نے ٹاس جیت کر ہندوستان کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ یشسوی جیسوال اور کے ایل راہول کی اوپننگ جوڑی نے اچھی شروعات کی اور پہلی وکٹ کے لیے 91 رنز جوڑے۔ ہندوستان کی پہلی وکٹ کے ایل راہل (42) کی صورت میں گری۔ وہ برائیڈن کارس کے ہاتھوں جو روٹ کے ہاتھوں کیچ آوٹ ہوئے۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آئے سائی سدرشن کھاتہ کھولے بغیر بین اسٹوکس کا شکار بن گئے اور ہندوستان کو دوسرا دھچکا لگا۔ کھانے کے وقت تک ہندوستان نے دو وکٹوں پر 92 رنز بنائے تھے۔اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آئے کپتان شبھمن گل نے یشسوی جیسوال کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان تیسرے وکٹ کے لیے 129 رنز کی شراکت ہوئی۔ 54ویں اوور میں بین اسٹوکس نے یشسوی جیسوال کو بولڈ کر کے انگلینڈ کو بڑی کامیابی دلائی۔ یشسوی جیسوال نے 101 رنز کی اپنی سنچری اننگز میں 159 گیندوں کا سامنا کیا اور 16 چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ دن کے کھیل کے اختتام پر ہندوستان نے تین وکٹوں پر 359 رنز بنائے اور شبھمن گل (127 ناٹ آوٹ) اور رشبھ پنت (65 ناٹ آوٹ) کھیل رہے ہیں۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان اب تک 138 رنز کی ناٹ آوٹ شراکت داری ہو چکی ہے۔ انگلینڈ کی جانب سے بین اسٹوکس نے دو وکٹ حاصل کئے۔ برائیڈن کارس نے ایک بلے باز کو آوٹ کیا۔ انگلینڈ نے پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں جمعہ کے روز ہندوستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔آج انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس نے ٹاس جیت کر ہندوستان کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ ٹاس جیتنے کے بعد اسٹوکس نے کہا کہ ہیڈنگلی میں کرکٹ کے لیے اچھی وکٹ ہوتی ہے، ان کی ٹیم اس ٹیسٹ کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستانی ٹیم کے کپتان شبھمن گل نے کہا کہ وہ ٹاس جیت کر بولنگ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے لیکن انہوں نے یہ بھی کہا کہ پہلے سیشن کے بعد پچ بیٹنگ کے لیے اچھی ہو جائے گی۔ گل نے کہا کہ ان کی ٹیم بھی پوری طرح تیار ہے۔

# زخمی اسمتھ اور لابوشین پہلے ٹیسٹ کی ٹیم سے باہر



سڈنی، 20 جون (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے خلاف اگلے ہفتے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے آسٹریلیائی ٹیم میں جہاں سیم کونسٹاس اور جوش انگلیس کی واپسی ہوئی ہے، وہیں زخمی بلے باز اسٹیو اسمتھ اور مارنس لابوشین بارباڈوس میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ سے باہر ہو گئے ہیں۔ آسٹریلیائی سلیکشن کمیٹی نے بدھ سے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ سے تقریباً ایک ہفتہ قبل سیم کونسٹاس اور جوش انگلیس کی ٹیم میں واپسی کا اعلان کیا ہے۔ اسمتھ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ (ڈبلیو ٹی سی) فائنل میں سلپ پر فیلڈنگ کرتے ہوئے زخمی ہو گئے تھے۔ کمیٹی کے چیئرمین جارج بیلی نے جمعے کی صبح جاری ہونے والے بیان میں کہا، لابوشین اس ٹیم کے بہت اہم رکن ہو سکتے ہیں اگر وہ اپنی بہترین کارکردگی دکھاتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کی کارکردگی اس سطح پر نہیں رہی جس کی ہم یا وہ توقع کرتے ہیں۔ ہم ان کے ساتھ ان کے کھیل کے ان شعبوں پر کام جاری رکھیں گے۔" انہوں نے کہا، "ہم نے اسٹیو اور لابوشین کی جگہ جوش اور سیم کونسٹاس کو موقع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہم انہیں اپنے ابھرتے ہوئے ٹیسٹ کریئر کو آگے بڑھانے کا موقع دینے کے لیے پرجوش ہیں۔" آسٹریلیا کی ٹیسٹ ٹیم:- پیٹ کمنس (کپتان)، شان ایبٹ، اسکاٹ بولانڈ، الیکس کیری، کیمرون گرین، جوش ہیزل ووڈ، ٹریوس ہیڈ، جوش انگلیس، عثمان خواجہ، سیم کونسٹاس، میٹ کوہنیمن، مارنس لابوشین، نیتھن لیون، اسٹیو اسمتھ، مچل اسٹارک، بیو ویبسٹر۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف اگلے ہفتے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے آسٹریلیائی ٹیم میں جہاں سیم کونسٹاس اور جوش انگلیس کی واپسی ہوئی ہے، وہیں زخمی بلے باز اسٹیو اسمتھ اور مارنس لابوشین بارباڈوس میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ سے باہر ہو گئے ہیں۔

# ٹنڈولکر اینڈرسن ٹرافی کی رونمائی



تقریباً تین ہفتوں تک جاری رہنے والے تنازعہ کے بعد، ای سی بی اور بی سی سی آئی نے جمعرات کو ٹنڈولکر-اینڈرسن ٹرافی کا آغاز کیا۔ اس کے ساتھ ہی پٹودی ٹرافی کو باضابطہ طور پر ریٹائر کر دیا گیا۔ دونوں ممالک کے کرکٹ بورڈز نے پٹودی خاندان کے اعزاز میں پٹودی میڈل دینے کا فیصلہ کیا ہے جو اس سیریز کے فاتح کپتان کو دیا جائے گا۔ 14 جون کو احمد آباد طیارے کے حادثے کے بعد نقاب کشائی ملتوی کر دی گئی تھی۔ اس موقع پر لیجنڈ بلے باز سچن ٹنڈولکر نے کہا۔ مجھے خوشی ہے کہ ان کے (ٹائیگر پٹودی) کے اعزاز میں میڈل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پٹودی ٹرافی کی ریٹائرمنٹ پر تنازعہ کھڑا ہو گیا تھا۔ ایسے میں ٹنڈولکر نے پٹودی کی وراثت کو برقرار رکھنے کے لیے پہل کی۔ اس بار بھارت-انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے فاتح کو ایک نئی ٹرافی دی جائے گی، جو سچن ٹنڈولکر اور جیمز اینڈرسن کے نام ہوگی۔ یہ دونوں لیجنڈ کھلاڑیوں کے اعزاز میں ایک نیا اقدام ہے۔ سب سے زیادہ 200 ٹیسٹ میچ کھیلنے اور سب سے زیادہ 15,921 ٹیسٹ رنز بنانے کا ریکارڈ سچن ٹنڈولکر کے پاس ہے۔ جیمز اینڈرسن نے گزشتہ سال ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ اینڈرسن سب سے زیادہ 188 ٹیسٹ میچ کھیلنے والے دوسرے کھلاڑی ہیں۔ وہ ٹیسٹ میں سب سے زیادہ 704 وکٹیں لینے والے تیسرے بولر ہیں۔ ای سی بی اور بی سی سی آئی نے جمعرات کو ٹنڈولکر-اینڈرسن ٹرافی کا آغاز کیا۔ اس کے ساتھ ہی پٹودی ٹرافی کو باضابطہ طور پر ریٹائر کر دیا گیا۔ دونوں ممالک کے کرکٹ بورڈز نے پٹودی خاندان کے اعزاز میں پٹودی میڈل دینے کا فیصلہ کیا ہے جو اس سیریز کے فاتح کپتان کو دیا جائے گا۔

## سینا ممالک میں ٹیسٹ سیریز جیتنا آئی پی ایل سے بڑا ہے: گل

ہندوستان کے نئے ٹیسٹ کپتان شبھمن گل نے کہا ہے کہ انگلینڈ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ یعنی سینا ممالک میں ٹیسٹ سیریز جیتنا ان کے لیے آئی پی ایل ٹائٹل سے بڑا ہے۔ 25 سالہ گیل نے کہا، آئی پی ایل ہر سال آتا ہے، لیکن انگلینڈ جیسی جگہ پر ٹیسٹ سیریز کھیلنے کا موقع کیریئر میں صرف 2-3 بار آتا ہے۔ انگلش کپتان بین اسٹوکس نے کہا، ویرات کوہلی، روہت شرما اور آر اشون کی ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ہندوستانی ٹیم کمزور نہیں ہوئی ہے۔ ٹیم میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے۔ لیڈز کے ہیڈ نگلے کرکٹ گراؤنڈ میں 20 جون سے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ کی پری میچ کانفرنس میں دونوں کپتان میڈیا سے آمنے سامنے تھے۔ گل نے کہا کہ ان کی ٹیم میں ویرات کوہلی، روہت شرما اور آر اشون جیسے تجربہ کار کھلاڑی نہیں ہیں۔ اس سے ٹیم کو فائدہ ہو سکتا ہے۔ ہمارے کھلاڑیوں کو یہاں (انگلینڈ میں) کھیلنے کا زیادہ تجربہ نہیں ہے۔ ایسے میں ہمارے کھلاڑی کوئی پرانا بوجھ نہیں لا رہے ہیں۔ سینئر کھلاڑیوں نے پچھلے 5-10 سالوں میں جو اعتماد دیا ہے، وہی ان کی ٹیم اپنائے گی۔

# بنگلہ دیش نے دوسری اننگز میں تین وکٹ پر 177 رن کا اسکور بنایا



گالے (سری لنکا)، 20 جون (یو این آئی) نعیم حسن (پانچ وکٹ) اور حسن محمود (تین وکٹ) کی شاندار کارکردگی کے بعد شادمان اسلام (76) اور کپتان نجمل شانتو (ناٹ آوٹ 56) کی نصف سنچری اننگز کی بدولت بنگلہ دیش نے جمعہ کے روز پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن کے اختتام پر دوسری اننگز میں تین وکٹوں پر 177 رنز بنائے اور اس کی مجموعی برتری 187 رن کی ہو گئی ہے۔ اب میچ میں صرف ایک دن کا کھیل باقی ہے۔ سری لنکا کو پہلی اننگز میں 485 رنز تک محدود رکھنے کے بعد دوسری اننگز میں بیٹنگ کے لیے آنے والی بنگلہ دیش ٹیم کا آغاز اچھا نہیں تھا اور اس نے اپنی پہلی وکٹ آٹھویں اوور میں 24 رنز کے اسکور پر گنوا دی۔ اس کے بعد مومن الحق (14) رنز بنانے کے بعد آوٹ ہوئے۔ دن کی آخری وکٹ شادمان اسلام (76) کی صورت میں گری۔ دن کا کھیل ختم ہونے تک بنگلہ دیش نے دوسری اننگز میں تین وکٹ پر 177 رنز بنا لیے ہیں اور کریز پر نجمل شانتو (56 ناٹ آوٹ) اور مشفق الرحیم (22 ناٹ آوٹ) موجود تھے۔ سری لنکا کی جانب سے پربھات جے سوریہ، تھرندو رتنائیکے اور میلان رتنائیکے نے ایک-ایک بلے باز کو آوٹ کیا۔ اس سے قبل سری لنکا نے کل کے اسکور چار وکٹ پر 368 رنز سے کھیلنا شروع کیا۔ سری لنکا کی پانچویں وکٹ آج صبح کے سیشن میں کپتان دھننجے ڈی سلوا (19) کی صورت میں گری۔ انہیں نعیم حسن نے وکٹ کیپر لٹن کمار داس کے ہاتھوں کیچ آوٹ کرایا۔ اس کے بعد سری لنکا کے بلے باز بنگلہ دیش کے باؤلنگ اٹیک کے سامنے زیادہ دیر نہ چل سکے۔ کوشل مینڈس (پانچ) کو حسن محمود نے آوٹ کیا۔ میلان رتنائیکے (39)، تھرندو رتنائیکے (صفر) اور اسیتھا فرنینڈو (چار) رنز بنانے کے بعد آوٹ ہوئے۔ سری لنکا کی پوری ٹیم دوسرے سیشن میں 131.2 اوورز میں 485 رن پر آل آوٹ ہو گئی۔ پربھات جے سوریا (11) ناٹ آوٹ رہے۔ بنگلہ دیش نے پہلی اننگز میں 495 رنز بنائے تھے۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD.
ilac-MRA
NABL
ISO 9001:2015 CERTIFIED

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories
NABL
CERTIFICATE OF ACCREDITATION
SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
has been assessed and accredited in accordance with the standard
ISO/IEC 17025:2017
"General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories"
for its facilities at
KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA
in the field of
TESTING
Certificate Number: TC-9200
Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023
This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL.
(To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)
Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED
Signed for and on behalf of NABL
N. Venkateswaran
Chief Executive Officer

**Consult for** Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

**Our Reputed Clients are :**
- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)


SPT

TOPOGRAPHICAL SURVEY

SLUMP CONE TEST

PILE LOAD TEST

CTM MACHINE

Contact No. : +91 9931688703, 0612 - 2379795
e-mail : soiltech.patna@gmail.com
NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.
Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.

Glenmark

Dr S B Ahmad
आपके अपने महत्वपूर्ण नंबर जानना हमेशा अच्छा होता है !
इस
World Hypertension Day,
चलिये नीचे दिए गए तरीकों से प्रभावी 'उच्च-रक्तचाप प्रबंधन' का अभ्यास करें:
रक्तचाप की सटीक निगरानी करना सीखकर
रक्तचाप को नियंत्रित करके
एक स्वस्थ जीवन शैली को अपनाकर
A Glenmark initiative
To start A Powerful Revolution

DOCTOR
Dr. Bikas Sourabh
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222
मरीज देखने का समय :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायग्नास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )
OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh,Patna 800 020

Sparkling Smile Dental Care
स्पारक्लिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi